# فہرستِ مضامین


| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر | شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | شرفِ انتساب | ل | ۱۸ | ہمارے پیارے نبی کے مبارک نام | ۴ |
| ۲ | چند باتیں | م | ۱۹ | ہمارے پیارے نبی کے مبارک نام | // |
| ۳ | کتاب کی خصوصیات | // | ۲۰ | ہمارے نبی کے ممتاز خطابات | // |
| ۴ | اساتذۂ کرام کی ذمے داریاں | ن | ۲۱ | پانچویں فصل [اذکار و ادعیہ] | ۵ |
| ۵ | نصابِ تعلیم کے رہنما اصول | س | ۲۲ | تعوذ و تسمیہ | // |
| ۶ | والدین و سرپرست کی ذمے داریاں | ع | ۲۳ | ثنا | // |
| ۷ | پہلا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱ | ۲۴ | سورۂ فاتحہ | // |
| ۸ | ایمان کا معنیٰ | // | ۲۵ | چھٹی فصل [آیات و احادیث] | ۶ |
| ۹ | ضروریاتِ دین کا مفہوم | // | ۲۶ | اللہ عزوجل سے کچھ بھی مخفی نہیں | // |
| ۱۰ | دوسری فصل [فقہیات] | ۲ | ۲۷ | سب کا خالق و مالک اللہ عزوجل ہے | // |
| ۱۱ | نجاست کی قسمیں | // | ۲۸ | اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں | // |
| ۱۲ | نجاستِ غلیظہ کی تشریح | // | ۲۹ | اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے | // |
| ۱۳ | نجاستِ خفیفہ کی توضیح | // | ۳۰ | مومن کی نیت اُس کے عمل سے بہتر ہے | // |
| ۱۴ | تیسری فصل [حقوق و آداب] | ۳ | ۳۱ | اللہ عزوجل کے سوا بادشاہِ حقیقی کوئی نہیں | // |
| ۱۵ | رزقِ حلال کی اہمیت | // | ۳۲ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۷ |
| ۱۶ | کھانے کے اسلامی آداب | // | ۳۳ | سُنّی کی تعریف | // |
| ۱۷ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۴ | ۳۴ | دورِ حاضر میں اہلِ سنت کے صحیح مصداق | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۳۵ | دوسرا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۸ |
| ۳۶ | کلمۂ طیب مع ترجمہ | // |
| ۳۷ | کلمۂ شہادت مع ترجمہ | // |
| ۳۸ | کفر کسے کہتے ہیں | // |
| ۳۹ | دوسری فصل [فقہیات] | ۹ |
| ۴۰ | نجاستِ غلیظہ کا حکم | // |
| ۴۱ | نجاستِ خفیفہ کا حکم | // |
| ۴۲ | ایک درہم کی توضیح | // |
| ۴۳ | تیسری فصل [حقوق و آداب] | ۱۰ |
| ۴۴ | دورانِ طعام کن باتوں سے بچنا چاہیے | // |
| ۴۵ | پینے کے اسلامی آداب | // |
| ۴۶ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۱۱ |
| ۴۷ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشہور ناموں کی توضیح | // |
| ۴۸ | پانچویں فصل [اذکار و ادعیہ] | ۱۲ |
| ۴۹ | رکوع کی تسبیح | // |
| ۵۰ | رکوع سے اُٹھنے کی دعا | // |
| ۵۱ | قومہ کی دعا | // |
| ۵۲ | سجدے اور جلسے کی تسبیح | // |
| ۵۳ | التحیات | // |
| ۵۴ | چھٹی فصل [آیات و احادیث] | ۱۳ |
| ۵۵ | اللہ عزوجل ہی جلاتا اور مارتا ہے | // |
| ۵۶ | صالحین کے لیے بے انتہا ثواب | // |
| ۵۷ | ذکرِ رسول کی عظمت و رفعت | ۱۳ |
| ۵۸ | معصیت میں کسی کی اطاعت جائز نہیں | // |
| ۵۹ | اللہ عزوجل ہی شہنشاہ ہے | // |
| ۶۰ | اسلام ہمیشہ غالب رہے گا | // |
| ۶۱ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۱۴ |
| ۶۲ | مسلکِ اعلیٰ حضرت کوئی نیا فرقہ نہیں | // |
| ۶۳ | اہلِ سنت کے عقائد و معمولات | // |
| ۶۴ | تیسرا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۵ |
| ۶۵ | صرف زبانی دعوئ ایمان کافی نہیں | // |
| ۶۶ | تیسرا کلمہ مع ترجمہ | // |
| ۶۷ | دوسری فصل [فقہیات] | ۱۶ |
| ۶۸ | ناپاک کپڑے کیسے پاک کیے جائیں | // |
| ۶۹ | تیسری فصل [حقوق و آداب] | ۱۷ |
| ۷۰ | جوتے پہننے اور اتارنے کے آداب | // |
| ۷۱ | لباس پہننے اور اتارنے کے آداب | // |
| ۷۲ | استنجا کے آداب | ۱۸ |
| ۷۳ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۱۹ |
| ۷۴ | آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مولد | // |
| ۷۵ | سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سنِ ولادت | // |
| ۷۶ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ ولادت | // |
| ۷۷ | حضور کے والدین کے اسمائے گرامی | // |
| ۷۸ | پانچویں فصل [اذکار و ادعیہ] | ۲۰ |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۷۹ | درودِ ابراہیمی | ۲۰ |
| ۸۰ | دعاے ماثورہ | // |
| ۸۱ | چھٹی فصل [آیات واحادیث] | ۲۱ |
| ۸۲ | حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نرالی شان | // |
| ۸۳ | حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم غیب بتانے میں بخیل نہیں | // |
| ۸۴ | حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وسعتِ علمی | // |
| ۸۵ | اسلام گزشتہ گناہوں کو مٹادیتا ہے | // |
| ۸۶ | آقاے دوجہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا اختیار | // |
| ۸۷ | سنتِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اہمیت | // |
| ۸۸ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۲۲ |
| ۸۹ | اہلِ سنت کے بعض معمولات | // |
| ۹۰ | اہلِ سنت کے اہم عقائد | // |
| ۹۱ | چوتھا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۲۳ |
| ۹۲ | چوتھا کلمہ مع ترجمہ | // |
| ۹۳ | ایمان وکفر کے مابین فرق | // |
| ۹۴ | ایمان کے بیان کی قسمیں | // |
| ۹۵ | ایمانِ مجمل مع ترجمہ | // |
| ۹۶ | دوسری فصل [فقہیات] | ۲۴ |
| ۹۷ | عبادت کی قسمیں | // |
| ۹۸ | فرضِ اعتقادی کا معنیٰ | // |
| ۹۹ | فرضِ عملی کی وضاحت | // |
| ۱۰۰ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۲۵ |
| ۱۰۱ | گھر میں داخل ہونے کے آداب | ۲۵ |
| ۱۰۲ | گھر سے نکلنے کے آداب | // |
| ۱۰۳ | سلام کرنے کے آداب | // |
| ۱۰۴ | چوتھی فصل [سیرت رسول اکرم] | ۲۶ |
| ۱۰۵ | ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا شجرۂ نسب | // |
| ۱۰۶ | ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خاندانی شرافت | // |
| ۱۰۷ | پانچویں فصل [اذکار وادعیہ] | ۲۷ |
| ۱۰۸ | دعاے ماثورہ | // |
| ۱۰۹ | دعاے قنوت | // |
| ۱۱۰ | تلاوتِ قرآن کی دعا | // |
| ۱۱۱ | علم میں اضافے کی دعا | // |
| ۱۱۲ | چھٹی فصل [آیات واحادیث] | ۲۸ |
| ۱۱۳ | حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حاضر وناظر ہیں | // |
| ۱۱۴ | ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نور ہیں | // |
| ۱۱۵ | ہمارے آقا سب کے لیے رحمت ہیں | // |
| ۱۱۶ | بدمذہب کی تعظیم حرام ہے | // |
| ۱۱۷ | گمراہ لوگ دوزخیوں کے کتے ہیں | // |
| ۱۱۸ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۲۹ |
| ۱۱۹ | حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا جشنِ میلاد | // |
| ۱۲۰ | ۱۲ربیع النور کو جشن کا خصوصی اہتمام کیوں | // |
| ۱۲۱ | پانچواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۳۰ |
| ۱۲۲ | ایمانِ مفصل مع ترجمہ | // |

| شمارنمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۲۳ | اللہ عزوجل پر ایمان لانے کا مطلب | ۳۰ |
| ۱۲۴ | اللہ کے لیے اولاد یا بیوی ماننا کفر ہے | // |
| ۱۲۵ | دوسری فصل [فقہیات] | ۳۱ |
| ۱۲۶ | فرض کی قسمیں | // |
| ۱۲۷ | فرضِ عین اور فرضِ کفایہ کا معنیٰ | // |
| ۱۲۸ | واجب اور سنتِ مؤکدہ کا مفہوم | // |
| ۱۲۹ | سنتِ غیرِ مؤکدہ کا مطلب | // |
| ۱۳۰ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۳۲ |
| ۱۳۱ | سونے کے آداب | // |
| ۱۳۲ | بیدار ہونے کے آداب | // |
| ۱۳۳ | ہاتھ کے ناخن کاٹنے کے آداب | ۳۳ |
| ۱۳۴ | چوتھی فصل [سیرت رسول اکرم] | ۳۴ |
| ۱۳۵ | بوقتِ ولادت رونما ہونے والے واقعات | // |
| ۱۳۶ | حضور کی پیدائش سے قبل دنیا کے حالات | // |
| ۱۳۷ | پانچویں فصل [اذکار وادعیہ] | ۳۵ |
| ۱۳۸ | پانی پینے کی دعا | // |
| ۱۳۹ | پانی پینے کے بعد کی دعا | // |
| ۱۴۰ | سونے اور بیدار ہونے کی دعا | // |
| ۱۴۱ | بلندی پر چڑھنے اور اترنے کی دعا | // |
| ۱۴۲ | چھٹی فصل [سُوَرِ قرآنِ کریم مع ترجمہ] | ۳۶ |
| ۱۴۳ | سورۂ قدر مع ترجمہ | // |
| ۱۴۴ | سورۂ ہمزہ مع ترجمہ | // |

| شمارنمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۴۵ | سورۂ فیل مع ترجمہ | ۳۷ |
| ۱۴۶ | سورۂ قریش مع ترجمہ | // |
| ۱۴۷ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۳۸ |
| ۱۴۸ | عیدِ میلاد پر اعتراض اور اُس کا جواب | // |
| ۱۴۹ | آیتِ قرآنی سے میلاد کا ثبوت | // |
| ۱۵۰ | چھٹا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۳۹ |
| ۱۵۱ | ’’نبی‘‘ کی تعریف | // |
| ۱۵۲ | ’’رسول‘‘ کا معنیٰ | // |
| ۱۵۳ | دوسری فصل [فقہیات] | ۴۰ |
| ۱۵۴ | مستحب اور مباح کا مفہوم | // |
| ۱۵۵ | حرام اور مکروہ تحریمی کی توضیح | // |
| ۱۵۶ | اِساءَت اور مکروہ تنزیہی کی تشریح | // |
| ۱۵۷ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۴۱ |
| ۱۵۸ | پیر کے ناخن کاٹنے کے آداب | // |
| ۱۵۹ | داڑھی اور مونچھوں سے متعلق آداب | // |
| ۱۶۰ | چوتھی فصل [سیرت رسول اکرم] | ۴۲ |
| ۱۶۱ | خوش نصیب خواتین | // |
| ۱۶۲ | مدَّتِ رضاعت کی برکتیں | // |
| ۱۶۳ | حضرتِ آمنہ رضی اللہ عنہا کا وصالِ جاں کاہ | // |
| ۱۶۴ | پانچویں فصل [اذکار وادعیہ] | ۴۳ |
| ۱۶۵ | دودھ پینے کی دعا | // |
| ۱۶۶ | مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کی دعا | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۶۷ | شکریہ ادا کرنے کی دعا | ۴۳ |
| ۱۶۸ | چھینکنے کی دعا | // |
| ۱۶۹ | چھینک کا جواب دینے کی دعا | // |
| ۱۷۰ | چھٹی فصل [عربی زبان وادب] | ۴۴ |
| ۱۷۱ | عربی گنتیاں | // |
| ۱۷۲ | سال کے عربی مہینے | ۴۵ |
| ۱۷۳ | ہفتے کے عربی دن | // |
| ۱۷۴ | سال کے انگریزی مہینے | // |
| ۱۷۵ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۴۶ |
| ۱۷۶ | کیا صحابۂ کرام نے جشنِ میلاد منایا؟ | // |
| ۱۷۷ | بدمذہبوں کے اعتراض کا جواب | // |
| ۱۷۸ | ساتواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۴۷ |
| ۱۷۹ | حضراتِ انبیاے کرام کی تعداد | // |
| ۱۸۰ | اولوالعزم پیغمبروں کے نام | // |
| ۱۸۱ | دوسری فصل [فقہیات] | ۴۸ |
| ۱۸۲ | فرائضِ وضو بالتفصیل | // |
| ۱۸۳ | دھونے اور مسح کرنے میں فرق | // |
| ۱۸۴ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۴۹ |
| ۱۸۵ | داڑھی میں گرہ لگانا حرام ہے | // |
| ۱۸۶ | زیرِ ناف اور زیرِ بغل بالوں کا حکم | // |
| ۱۸۷ | سر کے بالوں کے اسلامی آداب | // |
| ۱۸۸ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۵۰ |
| ۱۸۹ | آپ ﷺ کے والدین مومن وجنتی ہیں | ۵۰ |
| ۱۹۰ | حضور ﷺ دادا جان کی کفالت میں | // |
| ۱۹۱ | حضور ﷺ کے بچپن کی ادائیں | // |
| ۱۹۲ | پانچویں فصل [اذکار وادعیہ] | ۵۱ |
| ۱۹۳ | حلال چیز کھانے کی دعا | // |
| ۱۹۴ | کھانے کے بعد کی دعا | // |
| ۱۹۵ | دعوت کھانے کی دعا | // |
| ۱۹۶ | گھر سے نکلنے کی دعا | // |
| ۱۹۷ | گھر میں داخل ہونے کی دعا | // |
| ۱۹۸ | چھٹی فصل [حمد ونعت] | ۵۲ |
| ۱۹۹ | دردِ دل کر مجھے عطا یا رب | // |
| ۲۰۰ | سب سے اولیٰ واعلیٰ ہمارا نبی | ۵۳ |
| ۲۰۱ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۵۴ |
| ۲۰۲ | جشنِ میلاد منانے کا صحیح طریقہ | // |
| ۲۰۳ | جشنِ میلاد میں کن باتوں سے بچنا چاہیے | // |
| ۲۰۴ | آٹھواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۵۵ |
| ۲۰۵ | غیرِ نبی کے پاس "وحی" نہ کبھی آئی، نہ آئے گی | // |
| ۲۰۶ | نبوت ورسالت کسبی نہیں | // |
| ۲۰۷ | حضور ﷺ آخری نبی ہیں | // |
| ۲۰۸ | دوسری فصل [فقہیات] | ۵۶ |
| ۲۰۹ | وضو کی سنتیں | // |
| ۲۱۰ | وضو کے مستحبات | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۱۱ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۵۷ |
| ۲۱۲ | عمامہ شریف باندھنے کے آداب | // |
| ۲۱۳ | مسجد کے اسلامی آداب | // |
| ۲۱۴ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۵۸ |
| ۲۱۵ | حضور ﷺ کی دعا سے بارش کا نزول | // |
| ۲۱۶ | آپ ﷺ کو ''امی'' کہے جانے کی وجہ | // |
| ۲۱۷ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۵۹ |
| ۲۱۸ | ارکانِ اسلام | // |
| ۲۱۹ | رات دن کی فرض نمازیں | // |
| ۲۲۰ | نماز اور زکاۃ کن لوگوں پر فرض ہے | // |
| ۲۲۱ | چھٹی فصل [آیات واحادیث] | ۶۰ |
| ۲۲۲ | حضور ﷺ کی وسعتِ علمی | // |
| ۲۲۳ | آپ ﷺ کی محبت فرضِ اعظم ہے | // |
| ۲۲۴ | انبیاے کرام خدا کی عطا سے غیب داں ہیں | // |
| ۲۲۵ | اہلِ بدعت مخلوق میں سب سے بُرے ہیں | // |
| ۲۲۶ | بدمذہبوں کی صحبت حرام ہے | // |
| ۲۲۷ | مشرک سے سچی دوستی قائم کرنا ناجائز ہے | // |
| ۲۲۸ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۶۱ |
| ۲۲۹ | ایصالِ ثواب معنیٰ | // |
| ۲۳۰ | فاتحہ کی شرعی حیثیت | // |
| ۲۳۱ | آیتِ کریمہ سے فاتحہ کا ثبوت | // |
| ۲۳۲ | نواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۶۲ |
| ۲۳۳ | انبیاے کرام سے متعلق کچھ اہم عقائد | ۶۲ |
| ۲۳۴ | اللہ ورسول کے علمِ غیب کے مابین فرق | // |
| ۲۳۵ | دوسری فصل [فقہیات] | ۶۳ |
| ۲۳۶ | مسح کرنے کا سنت طریقہ | // |
| ۲۳۷ | مسواک سے متعلق اہم مسائل | // |
| ۲۳۸ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۶۴ |
| ۲۳۹ | کعبۂ مقدسہ کے آداب | // |
| ۲۴۰ | تلاوتِ قرآن کے آداب | // |
| ۲۴۱ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۶۵ |
| ۲۴۲ | بچپن میں حضور ﷺ کا کسبِ معاش | // |
| ۲۴۳ | بحیرا راہب کا واقعہ | // |
| ۲۴۴ | ملکِ شام کا دوسرا سفر | // |
| ۲۴۵ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۶۶ |
| ۲۴۶ | حج بیت اللہ کن لوگوں پر فرض ہے | // |
| ۲۴۷ | اسلام کا رکنِ اعظم کیا؟ | // |
| ۲۴۸ | چھٹی فصل [آیات واحادیث] | ۶۷ |
| ۲۴۹ | حضور ﷺ کو ''یا محمد'' کہنا درست نہیں | // |
| ۲۵۰ | خدا چاہتا ہے رضاے محمد ﷺ | // |
| ۲۵۱ | بدفعلی کرنے والا ملعون ومردود ہے | // |
| ۲۵۲ | دھوکہ دینا، ناجائز وحرام ہے | // |
| ۲۵۳ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۶۸ |
| ۲۵۴ | حدیث سے فاتحہ کا ثبوت | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۵۵ | فاتحہ سے متعلق اہل معلومات | ۶۸ |
| ۲۵۶ | دسواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۶۹ |
| ۲۵۷ | عقیدۂ حیاتِ انبیا علیہم السلام | // |
| ۲۵۸ | حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیین ہیں | // |
| ۲۵۹ | خاتم النبیین کا معنیٰ | // |
| ۲۶۰ | حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خاتمیت کا منکر کافر ہے | // |
| ۲۶۱ | ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا دائرۂ رسالت | // |
| ۲۶۲ | دوسری فصل [فقہیات] | ۷۰ |
| ۲۶۳ | مکروہاتِ وضو | // |
| ۲۶۴ | وضو کرنا کب فرض ہے، کب واجب | // |
| ۲۶۵ | وضو کرنا کب سنت، کب مستحب | // |
| ۲۶۶ | تیسری فصل [حقوق و آداب] | ۷۱ |
| ۲۶۷ | زیور پہننے کے آداب | // |
| ۲۶۸ | انگوٹھی پہننے کے آداب | // |
| ۲۶۹ | دانت کو سونے کے تار سے باندھنے کا حکم | ۷۲ |
| ۲۷۰ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۷۳ |
| ۲۷۱ | نسطورا راہب کا واقعہ | // |
| ۲۷۲ | حضرت خدیجہ سے نکاح کا واقعہ | // |
| ۲۷۳ | حضرت خدیجہ سے حضور کی اولاد | ۷۴ |
| ۲۷۴ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۷۵ |
| ۲۷۵ | حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سچی محبت کی علامتیں | // |
| ۲۷۶ | ہمارے نبی کے نانا جان کا اسمِ گرامی | // |
| ۲۷۷ | حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نانی کی نام | ۷۵ |
| ۲۷۸ | آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت | // |
| ۲۷۹ | چھٹی فصل [آیات واحادیث] | ۷۶ |
| ۲۸۰ | گستاخِ رسول کا انجام | // |
| ۲۸۱ | رشوت خوروں کی سزا | // |
| ۲۸۲ | گالی دینا حرام وناجائز ہے | // |
| ۲۸۳ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۷۷ |
| ۲۸۴ | ایصالِ ثواب کی مختلف صورتوں کا ثبوت | // |
| ۲۸۵ | فاتحہ کی ہیئت کذائیہ کے جواز کی دلیل | // |
| ۲۸۶ | گیارہواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۷۸ |
| ۲۸۷ | ہمارے نبی کی اطاعت سب پر فرض ہے | // |
| ۲۸۸ | آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بے نظیر ہیں | // |
| ۲۸۹ | درود میں اختصار جائز نہیں | // |
| ۲۹۰ | دوسری فصل [فقہیات] | ۷۹ |
| ۲۹۱ | نواقضِ وضو کا بیان | // |
| ۲۹۲ | کن باتوں سے وضو نہیں ٹوٹتا | // |
| ۲۹۳ | تیسری فصل [حقوق و آداب] | ۸۰ |
| ۲۹۴ | مصافحے کا حکم اور اس کے آداب | // |
| ۲۹۵ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۸۱ |
| ۲۹۶ | کعبہ کی تعمیر جدید میں حضور کی شرکت | // |
| ۲۹۷ | آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی حکمتِ بالغہ | // |
| ۲۹۸ | آقائے کریم کی عمرِ پاک کا ۴۰ واں سال | ۸۲ |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۹۹ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۸۳ |
| ۳۰۰ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نکاح کس نے پڑھایا | // |
| ۳۰۱ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس بیٹیاں | // |
| ۳۰۲ | چھٹی فصل [آیات واحادیث] | ۸۴ |
| ۳۰۳ | حضور کی بارگاہ میں آواز بلند کرنے کا حکم | // |
| ۳۰۴ | انبیاے کرام غیب داں ہیں | // |
| ۳۰۵ | مسلمان کو کافر کہنے والا خود کافر ہو جاتا ہے | // |
| ۳۰۶ | مومنِ کامل کے اوصاف | // |
| ۳۰۷ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۸۵ |
| ۳۰۸ | میت کے کھانے کے حق دار فقرا ہیں | // |
| ۳۰۹ | بزرگوں کی نذر کا کھانا تبرک ہے | // |
| ۳۱۰ | بارھواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۸۶ |
| ۳۱۱ | رب تعالیٰ کا دیدار | // |
| ۳۱۲ | محبوبِ اکبر کون | // |
| ۳۱۳ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بے مثال ہیں | // |
| ۳۱۴ | دوسری فصل [فقہیات] | ۸۷ |
| ۳۱۵ | فرائضِ غسل مع توضیح | // |
| ۳۱۶ | بالوں کی چوٹی کا حکم | // |
| ۳۱۷ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۸۸ |
| ۳۱۸ | چھینک کے اسلامی آداب | // |
| ۳۱۹ | چوتھی فصل [سیرتِ رسولِ اکرم] | ۸۹ |
| ۳۲۰ | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حسن وجمال کے جلوے | // |
| ۳۲۱ | ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جسمانی پاکیزگی | ۸۹ |
| ۳۲۲ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مکارمِ اخلاق | // |
| ۳۲۳ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۹۰ |
| ۳۲۴ | دامادی کا شرف پانے والے خوش بخت | // |
| ۳۲۵ | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولادِ امجاد | // |
| ۳۲۶ | چھٹی فصل [سُوَرِ قرآنِ کریم مع ترجمہ] | ۹۱ |
| ۳۲۷ | سورۂ ماعون مع ترجمہ | // |
| ۳۲۸ | سورۂ کافرون مع ترجمہ | // |
| ۳۲۹ | سورۂ نصر مع ترجمہ | ۹۲ |
| ۳۳۰ | سورۂ لہب مع ترجمہ | // |
| ۳۳۱ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۹۳ |
| ۳۳۲ | ایصالِ ثواب کا آسان طریقہ | // |
| ۳۳۳ | تیرھواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۹۴ |
| ۳۳۴ | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسمِ اقدس کا سایہ نہ تھا | // |
| ۳۳۵ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے متعلق عقائد | // |
| ۳۳۶ | دوسری فصل [فقہیات] | ۹۵ |
| ۳۳۷ | غسل کی سنتیں | // |
| ۳۳۸ | ننگے بدن نہانے کا حکم | // |
| ۳۳۹ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۹۶ |
| ۳۴۰ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق | // |
| ۳۴۱ | چوتھی فصل [سیرتِ رسولِ اکرم] | ۹۷ |
| ۳۴۲ | نزولِ وحی کا آغاز | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر | شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۴۳ | حضرت خدیجہ کے تسلی بخش کلمات | ۹۸ | ۳۶۵ | خفیہ طور پر دعوت و تبلیغ | ۱۰۶ |
| ۳۴۴ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۹۹ | ۳۶۶ | سب سے پہلے کلمہ پڑھنے والے خوش بخت | // |
| ۳۴۵ | ایمان لانے والے خوش نصیب چچا | // | ۳۶۷ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۱۰۷ |
| ۳۴۶ | ایمان لانے والی خوش نصیب پھوپھی | // | ۳۶۸ | معجزہ کی تعریف | // |
| ۳۴۷ | آقائے کریم کی ظاہری حیاتِ طیبہ | // | ۳۶۹ | سب سے زیادہ معجزات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا ہوئے | // |
| ۳۴۸ | آقائے دو عالم کی مدتِ تبلیغ | // | ۳۷۰ | آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چند مشہور معجزات | // |
| ۳۴۹ | چھٹی فصل [عربی زبان و ادب] | ۱۰۰ | ۳۷۱ | چھٹی فصل [مناجات و نعت] | ۱۰۸ |
| ۳۵۰ | عربی گنتیاں | // | ۳۷۲ | مرے کریم | // |
| ۳۵۱ | ضمائر مع ترجمہ | ۱۰۱ | ۳۷۳ | وہ کمالِ حسنِ حضور ہے | ۱۰۹ |
| ۳۵۲ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۱۰۲ | ۳۷۴ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۱۱۰ |
| ۳۵۳ | فاتحہ میں پڑھی جانے والی آیات و ادعیہ | // | ۳۷۵ | فاتحہ میں عام مومنین کے لیے دعا کا انداز | // |
| ۳۵۴ | چودھواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۰۳ | ۳۷۶ | بزرگوں کے لیے دعا کا طریقہ | // |
| ۳۵۵ | انبیائے کرام کی عزت و وجاہت | // | | | |
| ۳۵۶ | شفاعتِ کبریٰ کی توضیح | // | | | |
| ۳۵۷ | یہ شفاعت مومن و کافر سب کے لیے ہوگی | // | | | |
| ۳۵۸ | دوسری فصل [فقہیات] | ۱۰۴ | | | |
| ۳۵۹ | موجباتِ غسل | // | | | |
| ۳۶۰ | منی کا معنیٰ | // | | | |
| ۳۶۱ | تیسری فصل [حقوق و آداب] | ۱۰۵ | | | |
| ۳۶۲ | اماموں اور عالموں کے حقوق | // | | | |
| ۳۶۳ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۱۰۶ | | | |
| ۳۶۴ | تبلیغِ اسلام کا آغاز | // | | | |

## ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت و جماعت — تفہیم

**سوال:** اہلِ سنت [یعنی سُنّی] کسے کہا جاتا ہے؟

**جواب:** اہلِ سنت اُس جماعت کا نام ہے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سنتوں پر عمل کرے، بد مذہبوں سے دور رہے اور عقائد و معمولات میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے نقشِ قدم پر چلے۔

**سوال:** موجودہ دَور میں اہلِ سنت و جماعت کون لوگ کہلاتے ہیں؟

**جواب:** آج کے دور میں سنی وہ ہے، جو حدیثِ رسول "مَا اَنَا عَلَیْہِ وَاَصْحَابِیْ" کا صحیح مصداق ہو۔ یہ وہ لوگ ہیں جو خلفاے راشدین یعنی:

**حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہم**

اور ائمۂ دین یعنی:

**حضرت امام اعظم، حضرت امام مالک، حضرت امام شافعی اور حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم**

اور بعد کے مشائخ میں سے، حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی، حضرت بحر العلوم مولانا عبد العلی فرنگی محلّی، حضرت علامہ فضلِ حق خیر آبادی، حضرت علامہ فضل رسول بدایونی، اور اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رضی اللہ عنہم کے مسلک پر ہوں۔[1]

---

[1] [الفقیہ، امرت سر، ۲، ۱۱ر اگست ۱۹۹۵ء، ص:۹]

تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب — تفہیم

## کھانے کے دوران اِن باتوں سے بچیں

سوال: کھانا کھانے کے دوران کن باتوں سے بچنا چاہیے؟

جواب: کھانا کھانے کے درمیان اِن باتوں سے بچنا چاہیے!

- روٹی پر کوئی چیز نہ رکھیں۔
- ہاتھ یا چاقو کو روٹی سے نہ پوچھیں۔
- ٹیک نہ لگائیں۔
- زمین پر بایاں ہاتھ بھی نہ ٹیکیں۔
- بہت زیادہ گرم کھانا نہ کھائیں۔
- کھانے کو پھونکنے یا سونگھنے سے بھی بچیں۔
- کھانے میں عیب نہ نکالیں۔
- روٹی کو چھری سے نہ کاٹیں۔[۱]

## پینے کے آداب

سوال: پانی پینے کا اسلامی طریقہ بیان فرمائیں!

جواب: پانی پینے کا اسلامی طریقہ یہ ہے:

- سر ڈھانک کر
- "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ" پڑھ کر
- داہنے ہاتھ سے
- تین سانس میں پیے۔
- ہر بار برتن کو منہ سے ہٹا کر سانس لے۔
- پہلی اور دوسری مرتبہ ایک ایک گھونٹ پیے اور تیسری سانس میں جتنا چاہے پی ڈالے۔
- پانی چوس کر پیے، یعنی بڑے بڑے گھونٹ نہ لے۔
- جب پی چکے تو "اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ" کہے۔[۲]

سوال: بائیں ہاتھ سے پانی پینا، یا گلاس میں بچا ہوا پانی پھینک دینا کیسا ہے؟

جواب: بائیں ہاتھ سے پانی پینا "عیسائیوں کی تہذیب" ہے۔ اسلامی تہذیب یہی ہے کہ

**پانی ہمیشہ داہنے ہاتھ سے پیا جائے، اگرچہ کھانے کے دوران ہو۔**

پینے کے بعد بچے ہوئے پانی کو پھینکنا فضول خرچی اور ہندوؤں کا طریقہ ہے۔ اسلام میں چھوت چھات نہیں۔ مسلمان کا جوٹھا دوسرا مسلمان پی سکتا ہے۔[۳]

---

[۱] [ملخصاً، از: بہارِ شریعت، ج:۳، حصہ:۱۶، کھانے کا بیان] [۲] [ملخصاً، از: بہارِ شریعت، ج:۳، حصہ:۱۶، پانی پینے کا بیان]
[۳] [ملخصاً، از: بہارِ شریعت، ج:۳، حصہ:۱۶، پانی پینے کا بیان]

## ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت وجماعت — تفہیم

**سوال:** مسلکِ ''اعلیٰ حضرت'' کیا کوئی نیا فرقہ ہے؟

**جواب:** یہ کوئی نیا فرقہ نہیں؛ بلکہ مسلکِ حق اہلِ سنت و جماعت ہی کا دوسرا نام ''مسلکِ اعلیٰ حضرت'' ہے۔ گمراہ فرقوں سے امتیاز کرنے کے لیے اہلِ سنت اپنے مسلک کو، کبھی کبھی ''مسلکِ اعلیٰ حضرت'' کہہ دیتے ہیں۔ اِس میں کوئی حرج نہیں۔

**سوال:** اِس مسلک کو ''اعلیٰ حضرت'' ہی کی جانب منسوب کرنے کی وجہ کیا ہے؟

**جواب:** سیدنا سرکارِ اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے چودھویں صدی ہجری میں، تمام گمراہ فرقوں کا شاندار رد فرما کر، مسلکِ اہلِ سنت کی ایسی حمایت فرمائی جس کی نظیر گزشتہ کئی صدیوں میں نظر نہیں آتی؛ اِس لیے آپ کی ذاتِ گرامی سنیت کا علامتی نشان بَن گئی اور اِس مسلک کو آپ کی طرف منسوب کر کے ''مسلکِ اعلیٰ حضرت'' کہہ دیا گیا۔

**سوال:** اہلِ سنت کے ''عقائد و معمولات'' کیا ہیں؟ بیان کریں!

**جواب:** اہلِ سنت کے ''عقائد و معمولات'' قرآن و احادیث کا خلاصہ اور صحابہ و تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے افکار و خیالات اور اقوالِ زریں کا نچوڑ ہیں۔ گزشتہ چودہ صدیوں سے اہلِ سنت، اُنھی عقائد و معمولات پر قائم ہیں۔

### جنت کا پروانہ

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ رَدَّ عَنْ عِرْضِ أَخِيهِ رَدَّ اللّٰهُ عَنْ وَجْهِهِ النَّارَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

(الجامع للامام الترمذی، ابواب البر والصلۃ، باب ماجاء فی الذین عن عرض المسلم، رقم الحدیث: ۲۰۵۶)

ترجمہ: حضرت ابو درداسے مروی ہے کہ آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان اپنے بھائی کی عزت کی حفاظت کرے گا اللہ عزوجل بروز قیامت آتش دوزخ سے اس کی حفاظت فرمائے گا۔

## اِستِنجاء کے آداب

**سوال:** استنجا کرنے کا اسلامی طریقہ بتائیں!

**جواب:** استنجا [پاخانہ، پیشاب] کرنے کے آداب یہ ہیں:

- سر ڈھانپ کر بیت الخلا جائیں۔
- اندر جانے سے پہلے دعا پڑھیں۔
- داخل ہوتے وقت الٹا قدم پہلے رکھیں اور نکلتے وقت سیدھا قدم پہلے نکالیں۔
- قبلہ کی جانب نہ چہرہ کریں نہ پیٹھ۔
- شرم گاہ کی جانب نہ دیکھیں۔
- بلا حاجت شرم گاہ نہ چھوئیں۔
- بیٹھ کر قضائے حاجت کریں۔
- کسی دینی مسئلے میں غور نہ کریں کہ یہ محرومی کا باعث ہے۔
- باہر آنے کی دعا پڑھیں[1]

## دنیا کی ذلت

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: بعض صوفیا نے فرمایا: بے شک شیطان روزانہ لوگوں کے سامنے دنیا کو پیش کر کے کہتا ہے: کون مجھ سے ایسی چیز خریدے گا جو اسے نفع نہیں؛ بلکہ نقصان دیگی، اسے خوشی نہیں؛ بلکہ رنج پہونچائے گی؟ دنیا کے عاشق کہتے ہیں: ہم خریدیں گے۔ شیطان کہتا ہے کہ اس کی قیمت درہم و دینار نہیں ہیں؛ بلکہ تمھارا جنتی حصہ ہے۔ کیوں کہ میں نے اُسے چار چیزوں کے بدلے خریدا ہے۔ یعنی اللہ کی لعنت، اس کے غضب، اس کی ناراضگی اور اس کے عذاب کے بدلے۔ اور ان کے بدلے جنت کو بیچا ہے۔ یہ سن کر دنیا دار کہتے ہیں: پھر بھی ہم راضی ہیں۔ شیطان جنت کے بدلے دنیا کو بیچ کر کہتا ہے: تمھاری یہ تجارت کس قدر بُری ہے۔ (مجانی الادب۔ ج:۷)

[1] [ماخوذ: از استنجا کا طریقہ، مطبوعہ: دعوتِ اسلامی]

## چھٹی فصل — آیات واحادیث — تحفیظ

**آیت نمبر[۷]** اللہ عزوجل نے فرمایا: وَلَلۡاٰخِرَۃُ خَیۡرٌ لَّکَ مِنَ الۡاُوۡلٰی۔

ترجمۂ کنزالایمان: اور بے شک پچھلی [گھڑی] تمھارے لیے پہلی [گھڑی] سے بہتر ہے۔[۱]

**آیت نمبر[۸]** اللہ عزوجل نے فرمایا: وَمَا ھُوَ عَلَی الۡغَیۡبِ بِضَنِیۡنٍ۔

ترجمۂ کنزالایمان: اور یہ نبی غیب بتانے میں بخیل نہیں۔[۲]

**آیت نمبر[۹]** اللہ عزوجل نے فرمایا: وَعَلَّمَکَ مَا لَمۡ تَکُنۡ تَعۡلَمُ وَکَانَ فَضۡلُ اللّٰہِ عَلَیۡکَ عَظِیۡمًا۔

ترجمۂ کنزالایمان: اور [اللہ نے] تمھیں سکھا دیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے۔[۳]

**حدیث نمبر[۷]** سیدِ دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: اِنَّ الۡاِسۡلَامَ یَھۡدِمُ مَا کَانَ قَبۡلَہٗ۔

ترجمہ: یقیناً اسلام گزشتہ تمام گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔[۴]

**حدیث نمبر[۸]** ہمارے آقا جنابِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: وَاِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ کَمَا حَرَّمَ اللّٰہُ۔

ترجمہ: یقیناً جس چیز کو اللہ کے رسول نے حرام کیا، وہ اللہ کے حرام کیے ہوئے کی طرح ہے۔[۵]

**حدیث نمبر[۹]** حضور مختارِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنۡ رَغِبَ عَنۡ سُنَّتِیۡ فَلَیۡسَ مِنِّیۡ۔

ترجمہ: جو میری سنت سے روگردانی کرے وہ میرے طریقے پر نہیں۔[۶]

---

۱ [پارہ:۳۰، الضحیٰ:۴]
۲ [پارہ:۳۰، التکویر:۲۴]
۳ [پارہ:۵، النسآء:۱۱۳]
۴ [الصحیح للامام مسلم، کتاب الایمان، ج:۱، ص:۶۸ ۔ جدالممتار، ج:۲، ص:۲۷۰]
۵ [السنن لابی داؤد، کتاب العلم، ج:۲، ص:۹۱ ۔ السنن لابن ماجہ، ج:۱، ص:۳]
۶ [الصحیح للامام البخاری، کتاب النکاح، ج:۲، ص:۷۵۸ ۔ الصحیح للامام مسلم، کتاب النکاح، ج:۱، ص:۴۴۹]

## ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت و جماعت — تحفیظ

**سوال:** اہلِ سنت کے ''کچھ معمولات'' پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** اہلِ سنت کے جو کام اُنھیں دوسرے فرقوں سے ممتاز کرتے ہیں، اُن میں سے کچھ یہ ہیں:

- ہم اہلِ سنت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا جشنِ میلاد مناتے ہیں۔
- مسلمان مُردوں کے لیے ایصالِ ثواب کی محفل سجاتے ہیں۔
- اولیاے کرام کی نذر و نیاز کا اہتمام کرتے ہیں۔
- اللہ کی بارگاہ میں، اُس کے نیک بندوں کا وسیلہ پیش کرتے ہیں اور اُن سے مدد طلب کرتے ہیں۔
- آقاے کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ''یا رسولَ اللہ'' کہہ کر پکارتے ہیں۔
- مزاراتِ اولیا پر گنبد تعمیر کرتے ہیں وغیرہ۔

**سوال:** اہلِ سنت کے بعض عقائد بیان کریں؟

**جواب:** اہلِ سنت کے بعض اہم عقائد یہ ہیں:

- اللہ عزوجل سے کِذب [جھوٹ] کا صادر ہونا، ناممکن و محال ہے۔
- جو ہو چکا اور جو ہوگا، اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، اللہ عزوجل کی عطا سے جانتے ہیں۔
- ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم رب کی عطا سے حاضر و ناظر ہیں۔
- آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مخلوق میں رزق تقسیم فرماتے ہیں۔
- آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مجبور و بے بس نہیں، بلکہ مالک و مختار ہیں۔
- انبیاے کرام علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں جسمانی حیات کے ساتھ زندہ ہیں۔
- حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنے امتی کی فریاد سنتے اور اللہ عزوجل کے اِذن سے مدد فرماتے ہیں۔

## چھٹی فصل — آیات واحادیث — تحفیظ

**آیت نمبر[۱۰]** اللہ عزوجل نے فرمایا: یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا ۔

ترجمۂ کنزالایمان: اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی)! بے شک ہم نے تمھیں بھیجا حاضر وناظر اور خوش خبری دیتا اور ڈر سناتا۔[۱]

**آیت نمبر[۱۱]** اللہ عزوجل نے فرمایا: قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِیْنٌ ۔

ترجمۂ کنزالایمان: بے شک تمھارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب۔[۲]

**آیت نمبر[۱۲]** اللہ عزوجل نے فرمایا: وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۔

ترجمۂ کنزالایمان: اور [اے محبوب!] ہم نے تمھیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔[۳]

**حدیث نمبر[۱۰]** حضور احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ لَّمْ یَعْمَلْ بِسُنَّتِیْ فَلَیْسَ مِنِّیْ ۔

ترجمہ: جو میری سنت پر عمل نہ کرے وہ مجھ سے نہیں۔[۴]

**حدیث نمبر[۱۱]** حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ وَّقَّرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ اَعَانَ عَلٰی هَدْمِ الْاِسْلَامِ ۔

ترجمہ: جس نے کسی بدعتی [بدمذہب] کی تعظیم کی، اُس نے اسلام کو ڈھانے پر مدد کی۔[۵]

**حدیث نمبر[۱۲]** اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: اَهْلُ الْبِدَعِ كِلَابُ اَهْلِ النَّارِ ۔

ترجمہ: گمراہ لوگ دوزخیوں کے کتے ہیں۔[۶]

---

۱ [پارہ:۲۲، الاحزاب:۴۰] ۲ [پارہ:۶، المائدۃ:۱۵] ۳ [پارہ:۱۷، الانبیاء:۱۰۷]

۴ [السنن للامام ابن ماجہ، کتاب النکاح، ج:۱، ص:۱۳۴]

۵ [کنز العمال، ج:۱، ص:۲۱۹۔ التفسیر للقرطبی، ج:۷، ص:۱۳۰، بحوالہ جامع الاحادیث، ج:۱، ص:۶۳]

۶ [کنز العمال للمتقی، ج:۱، ص:۲۲۳]

چھٹی فصل — عربی زبان وادب — تحفیظ

| ألأعداد | گنتی | NUMBERS |
|---|---|---|
| صِفرٌ[٠] | صفر | ZERO |
| وَاحِدٌ[١] | ایک | ONE |
| اِثْنَانِ[٢] | دو | TWO |
| ثَلَاثَةٌ[٣] | تین | THREE |
| اَرْبَعَةٌ[۴] | چار | FOUR |
| خَمْسَةٌ[۵] | پانچ | FIVE |
| سِتَّةٌ[٦] | چھ | SIX |
| سَبْعَةٌ[٧] | سات | SEVEN |
| ثَمَانِيَةٌ[٨] | آٹھ | EIGHT |
| تِسْعَةٌ[٩] | نو | NINE |
| عَشَرَةٌ[١٠] | دس | TEN |
| اَحَدَعَشَرَ[١١] | گیارہ | ELEVEN |
| اِثْنَاعَشَرَ[١٢] | بارہ | TWELVE |
| ثَلَاثَةَعَشَرَ[١٣] | تیرہ | THERTEEN |
| اَرْبَعَةَعَشَرَ[١۴] | چودہ | FOURTEEN |
| خَمْسَةَعَشَرَ[١۵] | پندرہ | FIFTEEN |
| سِتَّةَعَشَرَ[١٦] | سولہ | SIXTEEN |
| سَبْعَةَعَشَرَ[١٧] | سترہ | SEVENTEEN |
| ثَمَانِيَةَعَشَرَ[١٨] | اٹھارہ | EIGHTEEN |
| تِسْعَةَعَشَرَ[١٩] | انیس | NINETEEN |
| عِشْرُوْنَ[٢٠] | بیس | TWENTY |
| وَاحِدٌوَعِشْرُوْنَ[٢١] | اکیس | TWENTI ONE |
| اِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ[٢٢] | بائیس | TWENTY TWO |
| ثَلَاثَةٌوَعِشْرُوْن[٢٣] | تیئیس | TWENTY THREE |
| اَرْبَعَةٌوَعِشْرُوْن[٢۴] | چوبیس | TWENTY FOUR |
| خَمْسَةٌوَعِشْرُوْن[٢۵] | پچیس | TWENTY FIVE |

| ARABIC MONTHS | عربی مہینے | ARABIC MONTHS | عربی مہینے |
|---|---|---|---|
| RAJAB UL MURAJJAB | رَجَبُ الْمُرَجَّبْ | MUHARRAM UL HARAM | مُحَرَّمُ الْحَرَامُ |
| SHABAN UL MUAZZAM | شَعْبَانُ الْمُعَظَّمْ | SAFAR UL MUZAFFAR | صَفَرُ الْمَظَفَّر |
| RAMZAN UL MUBARAK | رَمَضَانُ الْمُبَارَکْ | RABEE UL AWWAL | رَبِیْعُ الْاَوَّلْ |
| SHAWWAL UL MUKARRAM | شَوَّالُ الْمُکَرَّمْ | RABEE UL AKHIR | رَبِیْعُ الْآخِرْ |
| ZUL QADAH | ذُوْالْقَعْدَہْ | JUMADAL ULA | جُمَادَی الاُوْلٰی |
| ZUL HIJJAH | ذُوْالْحِجَّۃْ | JUMADAL AKHIRAH | جُمَادَی الآخِرَۃْ |

| Months of the year | سال کے انگریزی مہینے | أشْهُرُ السَّنَةِ | Months of the year | سال کے انگریزی مہینے | أشْهُرُ السَّنَةِ |
|---|---|---|---|---|---|
| JULY | جولائی | یُوْلِیُوْ | JANUARY | جنوری | یَنَایِرْ |
| AUGUST | اگست | أغُسْطُسْ | FEBRUARY | فروری | فَبْرَایِرْ |
| SEPTEMBER | ستمبر | سِبْتِمْبَرْ | MARCH | مارچ | مَارِسْ |
| OCTOBER | اکتوبر | أُکْتُوْبَرْ | APRIL | اپریل | اَبْرِیْلُ |
| NOVEMBER | نومبر | نُوْفَمْبَرْ | MAY | مئی | مَایُوْ |
| DECEMBWR | دسمبر | دِیْسَمْبَرْ | JUNE | جون | یُوْنِیُوْ |

| Days of the Week | ہفتے کے دن | اَیَّامُ الأَسْبُوْعِ | Days of the Week | ہفتے کے دن | اَیَّامُ الأَسْبُوْعِ |
|---|---|---|---|---|---|
| FRIDAY | جمعہ | یَوْمُ الْجُمُعَۃِ | MONDAY | سوموار/پیر | یَوْمُ الاِثْنَیْنِ |
| SATURDAY | شنبہ/سنیچر | یَوْمُ السَّبْتِ | TUESDAY | منگل | یَوْمُ الثُّلَاثَاءِ |
| SUNDAY | اتوار | یَوْمُ الاَحَدِ | WEDNESDAY | بدھ | یَوْمُ الاَرْبِعَآءِ |
| | | | THURSDAY | جمعرات | یَوْمُ الْخَمِیْسِ |

## ساتویں فصل — معمولاتِ اہل سنت و جماعت — تفہیم

**سوال:** ہمیں اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا جشنِ میلاد کس انداز سے منانا چاہیے؟

**جواب:** ہمیں چاہیے کہ جشنِ میلاد کے موقع پر:

- محفلیں سجا کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے فضائل ومناقب بیان کریں!
- ایسے جلوس کا اہتمام کریں جو ہر طرح کی خرافات سے پاک ہو!
- مسجدوں، مدرسوں، گھروں اور گلیوں کو سجائیں!
- حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی تعلیمات کو غیروں تک پہنچائیں!
- حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات پر عمل کرنے کا پختہ ارادہ کریں!
- غریبوں، فقیروں اور یتیموں میں خوب خوب خیرات تقسیم کریں!
- حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے نام پر کسی غریب بچے کی پڑھائی کو بندوبست کریں!
- آقائے دوجہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی محبت میں اجنبیوں اور مسافروں کے کھانے اور پینے کا انتظام کریں، اور ہر نیک کام کے ذریعے، اللہ عزوجل کی رضاجوئی کی کوشش کریں!

**سوال:** جشنِ میلاد کی تقریبات میں کن باتوں سے پرہیز کرنا چاہیے؟

**جواب:** جشنِ میلاد منانے میں اِس بات کا خاص خیال رکھا جائے، کہ کوئی بھی کام شریعت کے خلاف نہ ہونے پائے مثلاً:

- محفلِ میلاد کی بے حرمتی نہ ہونے پائے۔
- جلوسِ محمدی میں شور شرابا نہ کیا جائے۔
- ڈی جے کے استعمال سے مکمل پرہیز کیا جائے۔
- میوزک نُما نعتیں نہ بجائی جائیں۔
- کسی کو چِڑھانے والے نعرے نہ لگائیں جائیں۔
- شبِ ولادتِ مصطفیٰ [حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی پیدائش کی رات] موٹر گاڑیوں کے ذریعے رِیس نہ لگائی جائے، اِن کے علاوہ ہر ناجائز کام سے بچا جائے۔

پانچویں فصل | عام دینی معلومات | تحفیظ

**سوال:** ''حجِّ بیت اللہ'' کن لوگوں پر فرض ہے؟

**جواب:** جو مسلمان اہل وعیال کے نان ونفقہ کے ساتھ، سفر کے تمام اخراجات پر قادر ہو، اُس پر زندگی میں ایک مرتبہ حج کرنا فرض ہے۔ اب اگر وہ صحت مند بھی ہو، تو حج کے لیے خود جانا فرض ہے، ورنہ اپنی طرف سے کسی کو بھیج کر حجِّ بدل کرانا فرض ہے۔

**سوال:** فریضۂ حج کہاں ادا ہوتا ہے؟

**جواب:** حج مکۂ مکرمہ میں ادا کیا جاتا ہے، مکۂ مکرمہ کے سوا دنیا کے کسی بھی مقام پر حج نہیں ادا کیا جاسکتا۔

**سوال:** اسلام کا رُکنِ اعظم [سب سے بڑا ستون] کیا ہے؟

**جواب:** اسلام کا رکنِ اعظم، محبوبِ ربُّ العالمین حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے والہانہ محبت کرنا اور سچے دل سے اُن کا ادب واحترام بجالانا ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی محبت کے بغیر ساری عبادتیں مردود ہیں۔

## علم وادب کی عظمت

حضرت علی شیرِ خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: حسن وجمال اُن کپڑوں سے حاصل نہیں ہوتا جو ہمیں زینت دیتے ہیں۔ حسن وجمال تو علم وادب ہی سے حاصل ہوتا ہے۔ یتیم حقیقت میں وہ نہیں جس کے والد کا انتقال ہو گیا ہو؛ بلکہ حقیقی یتیم تو وہ ہے جو علم وادب سے کورا ہے۔

## دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تحفیظ

**سوال:** کِن کِن چیزوں سے وضوٹوٹ جاتا ہے؟

**جواب:** اِن چیزوں سے وضوٹوٹ جاتا ہے:

- پاخانہ اور پیشاب کرنے، وَدِی اور مَذِی کے نکلنے اور رِیاح کے خارج ہونے سے۔
- وضو اور غسل میں جن مقامات کو دُھلا جاتا ہے، وہاں سے خون، پیپ یا پیلے پانی کے نکل کر بَہہ جانے سے یا یہ کہ اُس میں بہنے کی صلاحیت ہو۔
- منہ بھر اُلٹی کرنے سے؛ جب کہ الٹی میں خالص بلغم کے علاوہ کچھ اور نکلے۔
- غفلت کے ساتھ سونے سے۔ بے ہوش اور پاگل ہوجانے سے۔
- اتنا نشہ آجانے سے کہ پیر لڑکھڑانے لگیں اور رکوع وسجود والی نماز میں قہقہہ لگانے سے۔ قہقہہ سے صرف وضو ہی نہیں ٹوٹتا، بلکہ نماز بھی فاسد ہوجاتی ہے۔

**سوال:** کِن چیزوں کے پائے جانے سے وضونہیں ٹوٹتا؟

**جواب:** اِن چیزوں سے وضونہیں ٹوٹتا:

- بدن سے اِتنا خون نکلے جو بہنے کے قابل نہ ہو۔
- خون بہنے کے قابل تو ہو، مگر ایسی جگہ بہے جس کا وضو یا غسل میں دھونا فرض نہ ہو، مثلاً آنکھ کے اندر دانہ تھا، دانہ پھوٹا اور خون آنکھ کے اندر ہی پھیل گیا، اور باہر نہ آیا۔
- منہ بھر سے کم اُلٹی ہونے اور اونگھنے یا بیٹھے بیٹھے جھونکے لینے سے۔[1]

**نوٹ:** جن چیزوں سے وضونہیں ٹوٹتا، وہ پاک ہوتی ہیں۔

---

[1] [ملخصاً، از بہارشریعت، ج:٢، وضو کا بیان]

## پانچویں فصل — عام دینی معلومات — تحفیظ

**سوال:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے کتنے داماد ہیں؟

**جواب:** ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے تین داماد ہیں۔

**سوال:** سب سے بڑے داماد کا نام کیا ہے؟

**جواب:** سب سے بڑے داماد کا نام، حضرت ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ عنہ ہے۔ یہ حضرت سیدتنا زینب رضی اللہ عنہا کے شوہر ہیں۔

**سوال:** منجھلے اور چھوٹے داماد کے نام بتلایئے!

**جواب:** منجھلے داماد، حضرت عثمان بن عفّان رضی اللہ عنہ ہیں۔ یہ، حضرت سیدتنا رقیہ اور حضرت سیدتنا ام کلثوم رضی اللہ عنہما کے شوہرِ نام دار ہیں۔ اِسی لیے اِن کو "ذوالنُّورین" کہا جاتا ہے۔ اور سب سے چھوٹے داماد، مولائے کائنات، حضرت علی کرّم اللہ وجہہ الکریم ہیں۔ یہ حضرتِ خاتونِ جنت سیدتنا فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا کے شوہر ہیں۔[1]

**سوال:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے شہزادوں کے اسمائے گرامی کیا ہیں؟

**جواب:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے شہزادوں کے مبارک نام یہ ہیں:

- حضرت سیدنا قاسم بن محمد۔
- حضرت سیدنا عبداللہ بن محمد۔ اِنھیں "طیب وطاہر" کہا جاتا ہے۔
- حضرت سیدنا ابراہیم بن محمد۔ رضی اللہ عنہم۔ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

---

[1] [سیرت النبی کی جھلکیاں، ص: ۲۴]

## دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تحفیظ

**سوال:** "غسل کی سنتیں" کیا کیا ہیں؟ بیان فرمادیں!

**جواب:** غسل میں یہ باتیں "سنت" ہیں:

- غسل کی نیت کرنا۔ دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک تین مرتبہ دھونا۔ استنجا کی جگہ دھونا۔
- بدن میں جہاں بھی نجاست لگی ہو اُسے دور کرنا۔ نماز کی طرح وضو کرنا۔
- بدن پر تیل کی طرح پانی ملنا، سردی کے موسم میں اِس کا زیادہ خیال رکھا جائے۔
- دائیں مونڈھے پر، پھر بائیں پر، پھر سر اور پورے بدن پر تین تین مرتبہ پانی بہانا۔
- نہاتے وقت قبلہ کی طرف منہ نہ کرنا۔ ایسی جگہ نہانا جہاں کوئی دیکھ نہ سکے۔
- نہاتے وقت کسی قسم کی باتیں نہ کرنا، یہاں تک کہ کوئی دعا بھی نہ پڑھنا۔

**سوال:** کیا "ننگے بدن نہانا" جائز ہے؟

**جواب:** اگر "احتیاط" کی جگہ ہے کہ اسے کوئی دیکھ نہیں سکتا، تو نہانے میں حرج نہیں اور اگر ایسی جگہ نہا رہا ہے جہاں لوگ اُسے دیکھ سکتے ہیں تو ناف سے گھٹنے تک کے اعضا کا چھپانا ضروری ہے۔[1]

---

[1] [ملخصاً، از بہارِ شریعت، حصہ: ۲، غسل کا بیان]

## چھٹی فصل — عربی زبان وادب — تحفیظ

| NUMBERS | گِنتی | ألأعداد |
|---|---|---|
| TWENTY SIX | چھبیس | سِتَّةٌوَّعِشْرُوْنَ[۲۶] |
| TWENTY SEVEN | ستائیس | سَبْعَةٌوَّعِشْرُوْنَ[۲۷] |
| TWENTY EIGHT | اٹھائیس | ثَمَانِيَةٌوَّعِشْرُوْنَ[۲۸] |
| TWENTY NINE | انتیس | تِسْعَةٌوَّعِشْرُوْنَ[۲۹] |
| THIRTY | تیس | ثَلَاثُوْنَ[۳۰] |
| THIRTY ONE | اکتیس | وَاحِدٌوَّثَلَاثُوْن[۳۱] |
| THIRTY TWO | بتیس | اِثْنَانِوَثَلَاثُوْن[۳۲ |
| THIRTY THREE | تینتیس | ثَلَاثَةٌوَّثَلَاثُوْن[۳۳] |
| THIRTY FOUR | چونتیس | اَرْبَعَةٌوَّثَلَاثُوْن[۳۴] |
| THIRTY FIVE | پینتیس | خَمْسَةٌوَّثَلَاثُوْن[۳۵] |
| THIRTY SIX | چھتیس | سِتَّةٌوَّثَلَاثُوْن[۳۶] |
| THIRTY SEVEN | سینتیس | سَبْعَةٌوَّثَلَاثُوْن[۳۷] |
| THIRTY EIGHT | اڑتیس | ثَمَانِيَةٌوَّثَلَاثُوْن[۳۸] |
| THIRTY NINE | انتالیس | تِسْعَةٌوَّثَلَاثُوْن[۳۹] |
| FORTY | چالیس | اَرْبَعُوْنَ[۴۰] |
| FORTY ONE | اکتالیس | وَاحِدٌوَّاَرْبَعُوْنَ[۴۱] |
| FORTY TWO | بیالیس | اِثْنَانوَاَرْبَعُوْنَ[۴۲] |
| FORTY THREE | تینتالیس | ثَلَاثَةٌوَّاَرْبَعُوْنَ[۴۳] |
| FORTY FOUR | چوالیس | اَرْبَعَةٌوَّاَرْبَعُوْن[۴۴] |
| FORTY FIVE | پینتالیس | خَمْسَةٌوَّاَرْبَعُوْنَ[۴۵] |
| FORTY SIX | چھیالیس | سِتَّةٌوَّاَرْبَعُونَ[۴۶] |
| FORTY SEVEN | سینتالیس | سَبْعَةٌوَّاَرْبَعُوْنَ[۴۷] |
| FORTY EIGHT | اڑتالیس | ثَمَانِيَةٌوَّاَرْبَعُوْنَ[۴۸] |
| FORTY NINE | انچاس | تِسْعَةٌوَّاَرْبَعُوْنَ[۴۹] |
| FIFTY | پچاس | خَمْسُوْنَ[۵۰] |

| ENGLISH | مَعَانِیْ | اَلْفَاظْ | ENGLISH | مَعَانِیْ | اَلْفَاظْ |
|---|---|---|---|---|---|
| THIS {F} | یہ [ایک مونث قریب کے لیے] | ھٰذِہٖ | I {M/F} | مَیں [مرد وعورت دونوں کے لیے] | اَنَا |
| THESE {F} | یہ دونوں [دو مونث قریب کے لیے] | ھَاتَانِ | WE {M/F} | ہَم [مرد وعورت دونوں کے لیے] | نَحْنُ |
| THESE {M/F} | یہ سب [جمع مذکر ومونث قریب کے لیے] | ھٰٓؤُلَآءِ | YOU {M} | تُو، آپ [ایک مرد کے لیے] | اَنْتَ |
| THAT | وہ [ایک مذکر بعید کے لیے] | ذٰلِکَ | YOU {F} | تُو، آپ [ایک عورت کے لیے] | اَنْتِ |
| THOSE {M} | وہ دونوں [دو مذکر بعید کے لیے] | ذٰنِکَ | YOU Both {M/F} | آپ دونوں [مرد وعورت کے لیے] | اَنْتُمَا |
| THAT {F} | وہ [ایک مونث بعید کے لیے] | تِلْکَ | YOU All {M} | آپ سب [مرد] | اَنْتُمْ |
| THOSE {F} | وہ دونوں [دو مونث بعید کے لیے] | تَانِکَ | YOU All {F} | تم سب [عورتیں] | اَنْتُنَّ |
| THOSE {M/F} | وہ سب [جمع مذکر ومونث بعید کے لیے] | اُولٰٓئِکَ | HE | وہ [ایک مرد کے لیے] | ھُوَ |
| UP | اوپر | فَوْق | SHE | وہ [ایک عورت کے لیے] | ھِیَ |
| DOWN | نیچے | تَحْتُ | BOTH OF THEM {M/F} | وہ دونوں [مرد وعورت کے لیے] | ھُمَا |
| AHEAD | آگے/سامنے | اَمَامُ | ALL OF THEM {M} | وہ سب [ مردوں کے لیے] | ھُمْ |
| BACK | پیچھے | خَلْفُ | ALL OF THEM {F} | وہ سب [عورتوں کے لیے] | ھُنَّ |
| RIGHT | دائیں | یَمِیْنُ | THIS {M} | یہ [ایک مذکر قریب کے لیے] | ھٰذَا |
| LEFT | بائیں | یَسَارُ | THESE {M} | یہ دونوں [دو مذکر قریب کے لیے] | ھٰذَانِ |

## ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت وجماعت — تحفیظ

**سوال:** سورۂ بقرہ "هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ" تک، سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** اِس سے مراد سورۂ بقرہ کی ابتدائی یہ آیتیں ہیں:

الٓمّٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۔ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۔ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۔ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۔ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۔ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۔

**سوال:** "وَاِلٰهُكُمْ" والی پانچ آیتوں سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** اِس سے مراد قرآنِ مقدس کی یہ آیتیں ہیں

- وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۔[1]
- اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۔[2]
- وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۔[3]
- مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۔[4]
- اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۔[5]

**سوال:** اِن کے بعد کیا پڑھنا چاہیے؟

**جواب:** آیتِ درود [پانچویں آیت] کے بعد کوئی بھی درود شریف پڑھیے! مثلاً:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ ۔ درودِ پاک پڑھنے کے بعد، یہ آیتِ کریمہ پڑھیے!

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۔ وَ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔[6]

---

[1] (پارہ:٢، البقرۃ:١٦٣) [2] (پارہ:٨، الاعراف:٥٦) [3] (پارہ:١٧، الانبیآء:١٠٧) [4] (پارہ:٢٢، الاحزاب:٤٠)
[5] (پارہ:٢٢، الاحزاب:٥٦) [6] (پارہ:٢٣ الصّٰفّٰت:١٨٢)

چھٹی فصل — مناجات ونعت — تحفیظ

# مناجات

## مرے کریم

دل ہوگیا گناہوں سے پتھر مرے کریم
کردے اِسے سنوار کے گوہر مرے کریم

کردار جگمگائے ، عمل کے جمال سے
دے مجھ کو پارسائی کے جوہر مرے کریم

بس تیری ہی رضا کے لیے ہر قدم اٹھے
ایسا خلوص ہو مرے اندر مرے کریم

اپنی گناہ گاری کا اقرار ہے مجھے
خم ہے نداموں سے مرا سر مرے کریم

لاریب ، مہربانی کے قابل نہیں ہوں میں
کر رحم ، بہرِ شافعِ محشر مرے کریم

صدقہ مجھے عطا ہو، ترے صالحین کا
امید لے کے آیا ہوں در پر مرے کریم

مجھ کو ہر اک مقام پہ توفیقِ خیر دے
بن جاؤں نیکیوں کا میں خوگر، مرے کریم

محروم رہ گیا تو کہاں جاؤں گا بھلا
تیرے سوا نہیں ہے کوئی در مرے کریم

مل جائے میری قوم کو علم و عمل کا تاج
مُسلم، ہوں کائنات کے افسر مرے کریم

جو مرد ہے ، اسے بھی نگاہِ حیا ملے
پردے میں آئے قوم کی دُختر مرے کریم

ناکام ونامراد ہوں ، اسلام کے حریف
ہوجائیں کُند، کفر کے خنجر مرے کریم

از: تاج الشعر اعلامہ سلمان صاحب فریدی مصباحی۔

**مشکل الفاظ کے معانی:** گوہر: موتی۔ کردار: کیرکٹر۔ پارسائی: پرہیز گاری۔ خم ہے: جھکا ہے۔ ندامت: شرمندگی۔ لاریب: بے شک۔ بہرِ شافعِ محشر: حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے واسطے۔ صالحین: نیک لوگ۔ خوگر: عادی۔ دَر: چوکھٹ۔ دختر: بیٹی۔ کند: بے دھار۔

